# شہید کربلا امام حسینؑ

## نواسہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم، جگر گوشہ بتول آپ رضی اللہ عنہ سے محبت جزو ایمان ہے

تحریر۔۔۔
مولانا مجیب الرحمٰن انقلابی:

**نواسہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم، جگر گوشہ بتول سیدنا حضرت حسین رضی اللہ عنہ وہ عظیم ہستی ہیں کہ جن کے فضائل و مناقب، سیرت وکردار اور کارناموں سے تاریخ اسلام کے صفحات روشن ہیں۔ سیدنا حضرت علی المرتضیٰ کے گھر میں آنکھ کھولی۔ آپ رضی اللہ عنہ کے نانا ہادی عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کے کان میں بنفس نفیس اذان دی اور اپنے پاکیزہ اور مبارک ہاتھوں سے شھد چٹایا۔**




اپنا لعاب مبارک آپ رضی اللہ عنہ کے منہ میں داخل فرمایا، دعائیں دیں اور حسین نام رکھا۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ رضی اللہ عنہ کی والدہ ماجدہ، اپنی سب سے چھوٹی اور لاڈلی لخت جگر، خاتونِ جنت حضرت سیدہ فاطمۃ الزہرا کو بچے کا ''عقیقہ'' کرنے اور سر کے بالوں کے برابر چاندی خیرات کرنے کی تلقین فرمائی۔

سیدنا حضرت حسین رضی اللہ عنہ نے اپنے نانا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے بے پناہ شفقت ومحبت کر سمیٹا اور سیدنا حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی آغوشِ محبت میں تربیت و پرورش پائی۔

جس کی وجہ سے آپ فضل وکمال زہد وتقویٰ، شجاعت وبہادری، سخاوت، رحم دلی، اعلیٰ اخلاق اور دیگر محاسن و خوبیوں کے بلند درجہ پر فائز تھے۔ حضور اکرم کو آپ رضی اللہ سے بہت زیادہ محبت تھی۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو آپ رضی اللہ عنہ سے بہت زیادہ محبت تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت حسین رضی اللہ عنہ کو گود میں اٹھاتے، سینہ مبارک پر کھلاتے، کاندھے پر بٹھاتے اور کبھی ہونٹوں پر بوسہ دیتے اور رخسار چومتے تھے۔

آپ رضی اللہ عنہ کے والد مکرم خلیفہ چہارم سیدنا حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ سیدنا حضرت حسن رضی اللہ عنہ سینہ سے لے کر سر مبارک تک حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مشابہ تھے اور سیدنا حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ قدموں سے لے کر سینہ تک حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مشابہ تھے۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حسن وجمال کی عکاسی کرتے تھے۔ ایک موقعہ پر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حسنین کریمین رضی اللہ عنہ کے بارے میں ارشاد فرمایا کہ یہ دونوں دنیا میرے پھول ہیں۔

ایک موقعہ پر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے حسنین کریمین رضی اللہ کے بارے میں ارشاد فرمایا کہ ''جس نے ان دونوں کو محبوب رکھا اس نے مجھ سے محبت کی اور جس نے ان دونوں سے بغض رکھا اس نے مجھ سے بغض رکھا'' ایک مرتبہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیدنا حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے رونے کی آواز سنی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خاتون جنت حضرت سیدہ فاطمۃ الزہراء سے فرمایا کہ ''تم کو معلوم نہیں کہ ان کا رونا مجھے غمگین کرتا ہے''۔

شہید کربلا سیدنا حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے زہد وتقویٰ اور عبادت گزاری کی یہ حالت تھی کہ آپ رضی اللہ عنہ شب زندہ دار سوائے ایام ممنوعہ کے ہمیشہ روزہ سے ہوتے۔ قرآن مجید کی تلاوت کثرت سے فرماتے اور حج بھی بکثرت کرتے۔ ایک روایت کے مطابق آپ رضی اللہ عنہ نے پچیس حج پیدل فرمائے۔ آپ رضی اللہ عنہ کی مجالس وقار ومتانت کا حسین مرقع اور آپ رضی اللہ عنہ کی گفتگو علم وحکمت اور فصاحت وبلاغت سے بھرپور ہوتی۔

لوگ آپ رضی اللہ عنہ کا بہت زیادہ احترام کرتے تھے اور آپ رضی اللہ عنہ کے سامنے ایسے سکون اور خاموشی سے بیٹھتے تھے گویا کہ ان کے سروں پر پرندے بیٹھے ہوں جو ان کے ہلنے سے اڑ جائیں گے۔ آپ رضی اللہ عنہ بہت زیادہ حلیم الطبع اور منکسر المزاج تھے، مالی حیثیت میں کمزور لوگوں سے بھی خندہ پیشانی سے ملتے تھے۔ بعض مرتبہ آپ رضی اللہ عنہ غرباء کے گھروں پر خود کھانا پہنچاتے تھے اگر کسی قرض دار کی سقیم حالت کا پتہ چلتا تو خود اس کا قرض ادا فرما دیتے۔

حضرات حسنین کریمین رضی اللہ عنہ میں سے کوئی بیت اللہ کے طواف کیلئے نکلتا تو آپ رضی اللہ عنہ کو سلام ومصافحہ کیلئے لوگ اس طرح پروانہ وار ٹوٹ کر گرتے کہ ڈر لگتا کہ کہیں ان کو تکلیف وصدمہ نہ پہنچے۔ ایک موقع پر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ''حسین رضی اللہ عنہ مجھ سے ہے اور میں حسین سے ہوں جو حسین رضی اللہ عنہ سے محبت کرے اللہ تعالیٰ اس سے محبت کریں گے، حسین رضی اللہ عنہ میری اولاد ہے''۔

خلیفہ اول سیدنا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ، سیدنا حضرت عمر فاروق اور سیدنا حضرت عثمان ذوالنورین سمیت تمام صحابہ اکرام رضی اللہ عنہ کو بھی حسنین کریمین رضی اللہ عنہ اور خاندانِ نبوت سے بہت زیادہ عقیدت ومحبت اور الفت تھی۔ سیدنا حضرت حسین رضی اللہ عنہ جب بچپن میں پہلی مرتبہ سیدنا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے سامنے آئے تو آپ رضی اللہ عنہ نے بے اختیار عقیدت ومحبت میں فرمایا کہ ''بیٹا علی کا ہے مشابہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہے۔

''سیدنا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں جب حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کے ہاتھوں ''حیرہ'' علاقہ فتح ہوا تو مال غنیمت میں سے ایک ایک نہایت ہی قیمتی چادر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے سیدنا حضرت حسین رضی اللہ عنہ کی خدمت میں بطور ''ہدیہ'' بھیجی جو حضرت حسین رضی اللہ عنہ نے بخوشی قبول فرمائی۔

خلیفہ دوم سیدنا حضرت عمر فاروق نے اپنے دور خلافت میں ''بدری صحابہ کرام رضی اللہ عنہ'' کے وظائف سب سے زیادہ یعنی پانچ ہزار درہم سالانہ مقرر کیے تھے اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے حسنین کریمین کے وظائف بھی بدری صحابہ کرام رضی اللہ عنہ کے برابر ہی مقرر فرمائے۔

حضرت عمر فاروق اپنے حقیقی بیٹے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے بھی زیادہ محبت حسنین کریمین رضی اللہ عنہ سے کرتے تھے۔ ایک مرتبہ حضرت عمر فاروق کے دور خلاف میں یمن سے کچھ پوشاکیں آئیں۔ حضرت عمر فاروق کو اس میں حضرات حسنین کریمین رضی اللہ عنہ کے موافق اور شان کے مطابق کوئی پوشاک نہ ملی تو حضرت عمر فاروق نے خصوصی طور پر یمن کے علاقہ کے طرف آدمی بھیج کر مناسب لباس منگوایا جس کو حسنین کریمین رضی اللہ عنہ نے زیب تن کیا تو حضرت عمر فاروق نے دیکھ کر فرمایا! اب میں طبیعت خوش ہوئی ہے''۔۔۔ اسی طرح خلیفہ سوم سیدنا حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ کی حسنین کریمین رضی اللہ عنہ اور خاندانِ نبوت سے عقیدت ومحبت، آپس میں رشتہ داری اور اُلفت وتعلق کے بہت زیادہ واقعات تاریخ کے روشن صفحات میں محفوظ ہیں۔

**سیدنا حضرت عثمان غنی کے دور خلافت میں جب بلوائیوں نے حضرت عثمان غنی کے گھر کا محاصرہ کیا تو جنتی نوجوانوں کے سردار حسنین کریمین رضی اللہ عنہ اپنے والد ماجد سیدنا حضرت علی المرتضیٰ کے حکم سے سیدنا حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ کے گھر کا پہرہ دے رہے تھے۔ خاندان نبوت اور آصحابہ کرام رضی اللہ عنہ اسلام کی دو روشن آنکھیں ہیں اور ان دونوں سے محبت ایمان کا حصہ ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں ان مقدس شخصیات کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین**

# بنی اسرائیل کا فرعون کے ظلم سہنا



تحریر۔۔۔
مولانا مجیب الرحمٰن انقلابی:

**فرعون بنی اسرائیل پر زیتون کا تیل اور گندھک گرم کروا کر ڈالتا رہا مگر بنی اسرائیل نے اس بدبخت کے ظلم برداشت کیے لیکن انھوں نے اللہ تعالیٰ کی عبادت سے منہ نہ موڑا**

بنی اسرائیل کا فرعون کے ظلم سہنا اور اللہ تعالیٰ کی عبادت پر کاربند رہنا!

فرعون بنی اسرائیل پر زیتون کا تیل اور گندھک گرم کروا کر ڈالتا رہا مگر بنی اسرائیل نے اس بدبخت کے ظلم برداشت کیے لیکن انہوں نے اللہ تعالیٰ کی عبادت سے منہ نہ موڑا اور نہ ہی فرعون کو سجدہ کیا۔ حکیم الامت مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ متوفی 1391ھ لکھتے ہیں: بنی اسرائیل نے یہ سب کچھ برداشت کیا مگر رب تعالیٰ کی اطاعت سے منہ نہ موڑا اور فرعون کو سجدہ نہ کیا۔

بہت سارے بنی اسرائیل جلا دینے کے بعد ہامان کا فرعون کو بنی اسرائیل کو ذلیل کر کے رکھنے کا کہنا! جب بہت سارے بنی اسرائیل جلا دیئے گے تو ہامان نے فرعون کو کہا ان کا مہلت دے دو اور ذلیل کر کے رکھو۔

حکیم الامت مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ متوفی 1391ھ لکھتے ہیں: جب بہت سارے بنی اسرائیلی جلا دیئے گے تب ہامان نے فرعون سے کہا کہ ان کو مہلت دے اور ان کو دنیا میں ذلیل کر کے رکھ،

فرعون کا بنی اسرائیل کو جلانے سے ہاتھ کھینچنا اور ان پر سختیاں کرنا! جب ہامان نے فرعون سے یہ کہا کہ ان کو مہلت دے دہو اور ان کو دنیا میں ذلیل کر کے رکھو تب فرعون نے بنی اسرائیل کو جلانے سے ہاتھ کھینچا اور ان پر سختیاں کرنا شروع کر دیں۔

جب بہت سارے بنی اسرائیل جلا دیئے گے تو ہامان نے فرعون کو کہا ان کا مہلت دے دو اور ذلیل کر کے رکھو۔ حکیم الامت مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ متوفی 1391ھ لکھتے ہیں: تب اس نے جلانے سے ہاتھ کھینچا اور اسرائیلیوں پر بہت سختیاں شروع کر دیں۔

فرعون بنی اسرائیل کو عذاب دیتا اور طرح طرح کے کام لیتا تھا! فرعون بنی اسرائیل کو عذاب دیتا تھا اور ان سے طرح طرح کے کام لیتا تھا۔

امام ابوجعفر محمد بن جریر طبری رحمۃ اللہ علیہ متوفی 310ھ لکھتے ہیں امام ابن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ نے بیان کیا ہے کہ فرعون بنی اسرائیل کو عذاب دیتا تھا ان سے طرح طرح کے کام لیتا تھا۔

فرعون بنی اسرائیل سے مکان بنواتا تھا! فرعون بنی اسرائیل سے مکان بنواتا تھا جو کہ مشقت کا کام ہے، امام ابوجعفر محمد بن جریر طبری رحمۃ اللہ علیہ متوفی 310ھ لکھتے ہیں امام ابن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ نے بیان کیا ہے کہ فرعون بنی اسرائیل کو عذاب دیتا تھا ان سے طرح طرح کے کام لیتا تھا بعض سے مکان بنواتا تھا۔

فرعون بعض بنی اسرائیل سے کاشتکاری کرواتا تھا! فرعون بعض بنی اسرائیل سے کاشتکاری کرواتا تھا جو کہ محنت کا کام ہے، امام ابوجعفر محمد بن جریر طبری رحمۃ اللہ علیہ متوفی 310ھ لکھتے ہیں، امام ابن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ نے بیان کیا ہے کہ فرعون بنی اسرائیل کو عذاب دیتا تھا ان سے طرح طرح کے کام لیتا تھا بعض سے مکان بنواتا بعض سے کاشتکاری کرواتا تھا۔

فرعون بعض بنی اسرائیل سے مزدوری لیتا تھا! فرعون بعض بنی اسرائیل سے مزدوری لیتا تھا۔ امام ابوجعفر محمد بن جریر طبری رحمۃ اللہ علیہ متوفی 310ھ لکھتے ہیں، امام ابن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ نے بیان کیا ہے کہ فرعون بنی اسرائیل کو عذاب دیتا تھا ان سے طرح طرح کے کام لیتا تھا بعض سے مکان بنواتا اور بعض سے کاشتکاری کرواتا بعض سے مزدوری لیتا تھا۔

فرعون جن بنی اسرائیل سے کام نہ لیتا ان سے جزیہ لیتا تھا! فرعون جن بنی اسرائیل سے کام نہ لیتا تو ان سے جزیہ لیتا تھا۔ امام ابوجعفر محمد بن جریر طبری رحمۃ اللہ علیہ متوفی 310ھ لکھتے ہیں، امام ابن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ نے بیان کیا ہے کہ فرعون بنی اسرائیل کو عذاب دیتا تھا ان سے طرح طرح کے کام لیتا تھا بعض سے مکان بنواتا بعض سے کاشتکاری کرواتا بعض سے مزدوری لیتا اور جن سے کوئی کام نہ لیتا ان سے جزیہ لیتا تھا۔

# ”سیرت خلیفہ ثانی

## امیر المومنین حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ

ازقلم: محمد فرقان
(بانی وڈائریکٹر مرکز تحفظ اسلام ہند)

**امیر المومنین، خلیفۃالمسلمین حضرت سیدنا عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی پیدائش مکۃالمکرمہ میں واقعہ فیل سے تیرہ سال بعد قبیلہ بنو عدی میں خطاب بن نفیل کے گھر ہوئی۔ آپ ﷺ صحابی رسول اور مسلمانوں کے دوسرے خلیفہ راشد ہیں۔ آپ ﷺ کا شمار عشرے مبشرہ جن کو دنیا میں جنت کی بشارت ملی، ان میں ہوتا ہے۔ حضرت عمرؓ رسول اللہ ﷺ کے خسر بھی ہیں۔ آپ ﷺ کی صاحبزادی ام المومنین حضرت سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہما رسول اللہ ﷺ کی ازواج میں سے ایک ہیں۔ آپ ﷺ کا لقب فاروق، کنیت ابو حفص ہے۔ لقب و کنیت دونوں محمد ﷺ کے عطا کردہ ہیں۔ آپ کا نسب نویں پشت میں رسول اللہ ﷺ سے جا ملتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی نویں پشت میں کعب کے دو بیٹے ہیں مرہ اور عدی۔ رسول اللہ ﷺ مرہ کی اولاد میں سے ہیں، جبکہ حضرت عمرؓ عدی کی اولاد میں سے ہیں۔**




حضرت سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کا شمار مکہ کے ان لوگوں میں ہوتا تھا جو پڑھ لکھ سکتے تھے۔ جب حضور ﷺ نے پہلے اسلام کی تبلیغ شروع کی تو حضرت عمرؓ اسکے مخالف تھے۔ آپ ﷺ کی دعا سے آپ ﷺ نے نبوت کے چھٹے سال ستائیس برس کی عمر میں چالیس مردوں اور گیارہ عورتوں کے بعد مشرف بااسلام ہوئے۔ اسی لئے آپکو مراد رسول ﷺ کہا جاتا ہے۔ ”آپ ﷺ کے اسلام لانے پر فرشتوں نے بھی خوشیاں منائی تھیں“ (مستدرک حاکم)۔ ہجرت کے موقعے پر کفار مکہ کے شر سے بچنے کیلئے سب نے خاموشی سے ہجرت کی مگر آپ ﷺ کی غیرت ایمانی نے چھپ کر ہجرت کرنا گوارا نہیں کیا۔ آپ ﷺ نے تلوار ہاتھ میں لی، کعبہ کا طواف کیا اور کفار کے مجمع کو مخاطب کر کے کہا ”تم میں سے اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کی بیوی بیوہ ہو جائے، اس کے بچے یتیم ہو جائیں تو وہ مکہ سے باہر آ کر میرا راستہ روک کر دیکھ لے“۔ مگر کسی کافر کی ہمت نہ پڑی کہ آپ کا راستہ روک سکتا۔ رسول اللہ ﷺ نے آپ ﷺ کو مخاطب کرتے ہوئے ایک دفعہ ارشاد فرمایا کہ ”قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے، آپ جس راستے پر چلتے ہیں شیطان وہ راستہ چھوڑ کر دوسرا راستہ اختیار کر لیتا ہے“ (مصنف ابن ابی شیبہ)۔ ہجرت کے بعد سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ تمام غزوات میں رسول اللہ ﷺ کی معیت میں رہے۔

حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کفر و نفاق کے مقابلہ میں بہت جلال والے تھے اور کفار و منافقین سے شدید نفرت رکھتے تھے۔ ایک دفعہ ایک یہودی و منافق کے مابین حضور ﷺ نے یہودی کے حق میں فیصلہ فرمایا مگر منافق نہ مانا اور آپ ﷺ سے فیصلہ کیلئے کہا۔ آپ ﷺ کو جب علم ہوا کہ نبی ﷺ کے فیصلہ کے بعد یہ آپ سے فیصلہ کروانے آیا ہے تو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اس کو قتل کر کے فرمایا جو میرے نبی ﷺ کا فیصلہ نہیں مانتا میرے پاس اس کا یہی فیصلہ ہے۔ کئی مواقع پر نبی کریم ﷺ کے مشورہ مانگنے پر جو مشورہ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے دیا قرآن کریم کی آیات مبارکہ اس کی تائید میں نازل ہوئیں۔

حضرت عمر فاروقؓ باعظمت، انصاف پسند اور عادل حکمران تھے۔ ان کی عدالت میں مسلم و غیر مسلم دونوں کو یکساں انصاف ملا کرتا تھا۔ حضرت عمرؓ حق و صداقت کے علمبردار تھے۔ امیر المومنین حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اپنے وقت وصال امت کی زمام آپ ﷺ ہی کے سپرد کی تھی، **22** / جمادی الثانی **13** / ھجری کو آپ مسند نشین خلافت ہوئے۔ آپ ﷺ کے دور خلافت میں عراق، مصر، لیبیا، سرزمین شام، ایران، خراسان، مشرقی اناطولیہ، جنوبی آرمینیا اور سجستان فتح ہو کر مملکت اسلامی میں شامل ہوئے۔ آپ ہی کہ دور خلافت میں پہلی مرتبہ یروشلم فتح ہوا، اس طرح ساسانی سلطنت کا مکمل رقبہ اور بازنطینی سلطنت کا تقریباً تہائی حصہ اسلامی سلطنت کے زیر نگین آ گیا۔ آپ ﷺ نے **22** / لاکھ مربع میل کے رقبے پر اسلام کا جھنڈا لہرایا اور قبلہ اول بیت المقدس کی شاندار فتح کا سہرا بھی آپ کے سر ہے۔

حضرت عمر بن خطابؓ نے جس مہارت، شجاعت اور عسکری صلاحیت سے ساسانی سلطنت کی مکمل شہنشاہیت کو دو سال سے بھی کم عرصہ میں زیر کر لیا، نیز اپنی سلطنت و حدود سلطنت کا انتظام، رعایا کی جملہ ضروریات کی نگہداشت اور دیگر امور سلطنت کو جس خوش اسلوبی اور مہارت و ذمہ داری کے ساتھ نبھایا وہ ان کی عبقریت کی دلیل ہے۔ آپ ﷺ کا دور خلافت عدل و انصاف کا درخشندہ باب اور مثالی دور ہے نیز بہت مبارک اور اشاعت و اظہار اسلام کا باعث تھا۔ آپ ﷺ ہی نے تقویم اسلامی (اسلامی کیلنڈر) کی ابتداء ہجرت مدینہ کی بنیاد پر یکم محرم الحرام سے کروائی۔ مفتوحہ علاقوں میں **900** / جامع مساجد اور **4000** / عام مساجد تعمیر کروا کر اس میں تعلیم و تدریس کا انتظام کروایا، جب کہ حرمین شریفین کی توسیع بھی آپ ﷺ کے دور خلافت میں ہوئی۔ تاریخ کی سب سے پہلی مردم شماری، کرنسی سکہ کا اجراء، مہمان خانوں (سرائے) کی تعمیر، لاوارث بچوں کی خوراک، تعلیم و تربیت کا انتظام اور وظائف کا اجراء دور فاروقی میں کیا گیا۔ آپ ﷺ کا مقام و مرتبہ اس سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا کہ ”میرے بعد اگر کوئی نبی ہوتے تو عمر بن خطاب ہوتے۔“ (ترمذی شریف)

**27** / ذی الحجہ سن **23** ھ بروز بدھ کو مسجد نبوی میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ فجر کی نماز کی امامت کر رہے تھے۔ نماز کے دوران ابولؤلؤ فیروز نامی بدبخت مجوسی غلام نے زہر آلود خنجر سے آپ ﷺ کے جسم مبارک پر تین چار وار کیے۔ جس کی وجہ سے حضرت عمرؓ زخمی ہو کر گر پڑے۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے نماز پڑھائی۔ آپ ﷺ کو بے ہوشی کے حالات میں گھر لایا گیا۔ ہوش آنے پر آپکو جب یہ بتایا گیا کہ حملہ آور مجوسی تھا تو آپ ﷺ نے اس بات پر اللہ کا شکریہ ادا کیا کہ حملہ آور مسلمان نہیں تھا۔ آپ ﷺ کے علاج کے باوجود افاقہ نہیں ہو رہا تھا، اس دوران اپنے بیٹے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ وہ اماں عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس جا کر کہیں کہ ”عمر کی خواہش ہے کہ انہیں اپنے رفقاء کے جوار میں دفن ہونے کی اجازت دے دی جائے“۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا پیغام سننے کے بعد حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ ”بخدا یہ جگہ میں نے اپنے لیے منتخب کر لی تھی، لیکن آج کے دن میں یہ قربان کیے دیتی ہوں۔“ تین دن کرب میں گزارنے کے بعد آپ رضی اللہ عنہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے یکم محرم الحرام سن **24** ھ جام شہادت نوش ما گئے۔

**آپ ﷺ کی نماز جنازہ حضرت صہیب رومی رضی اللہ عنہ نے پڑھائی۔ (المنتظم) روضہ نبوی میں خاتم النبیین حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور خلیفہ ئاول حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی پھلو میں حضرت سیدنا عمرفاروق رضی اللہ عنہ کی قبر مبارک بنائی گئی۔ اور یوں عدل و انصاف کا آفتاب ومھتاب غروب ھو گیا۔ یہ مشیعت خداوندی ھی ھے کہ اسلامی سال کی ابتداء ھی شھادت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے ھوتی ھے اور پھر مرقدرسول اللہ ﷺ کے سرھانے تاقیامت استراحت کیلئے دو گز جگہ بھی عطا فر مادی گئی۔ قیامت تک جو بھی مسلمان روضہء اقدس میں سلامی کیلئے حاضر خدمت ھوگا وہ حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ پر سلام بھیجے بغیر آگے نہ بڑہ سکے گا۔ دشمنان صحابہ کا منہ بند کرنے کیلئے یہ ایک اعزاز خداوندی ھی کافی ھے۔**

J&K Bank
Serving To Empower

BAJAJ Allianz
Caringly yours

Protect your Health from Everything that comes its way



Bajaj Allianz Extra Care Plus policy along with the added benefits of Health Prime Rider ensures that you don't have to settle for less when it comes to you and your family's growing healthcare needs.

Bajaj Allianz Extra Care Plus's Features:

*Long Term Discount*

*Option to Opt for Air Ambulance*

*Free health check-up*

Benefits of Health Prime Rider:

*Rider for both Individual & Family Floater Basis***

*24*7 Unlimited Tele-Consultation*

*Investigations Cover*

**Based on the variant opted in health plan

To know more, contact your **J&K Bank's Relationship Manager**

Bajaj Allianz General Insurance Co. Ltd., Bajaj Allianz House, Airport Road, Yerawada, Pune - 411006. IRDAI Reg No.: 113. | CIN: U66010PN2000PLC015329 | UIN: BAJHLIP23069V032223 - Extra Care Plus, BAJHLIA24087V022324 - Health Prime Rider | web: www.bajajallianz.com | Toll free: 1800-209-5858 / 1800-209-0144

J&K Bank Ltd is a licensed Corporate Agent [bearing License No.: CA0029] of Bajaj Allianz General Insurance Company Ltd. [IRDAI registration No. 113]. The benefits/features of products are indicative and for more details on risk factors and Terms and Conditions, please read the sales brochure before concluding a sale. | BIAZ-P-JK-0013/03-11-2023

PUBLISHED BY: BISMA TAJAMUL, PRINTED BY: BISMA TAJAMUL on behalf of BISMA TAJAMUL R.N.I No: JKURD/2011/37141,
Printed At : K.T. Press Pvt Ltd. Rangreth Budgam J&K 190021 , Published From: NEW BUS STAND, BUDGAM J&K 191111, Editor: BISMA TAJAMUL
CONTACT NO. 9419786936, 6006551484, EMAIL: WATTANDAILY@GMAIL.COM,